Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : IV Semester Examination, June 2021

Paper : MAUR402CCT : Urdu Nazm

پرچہ : اردو نظم

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. اردو نظم کے ارتقاء میں ''انجمن پنجاب'' کی خدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔
2. حالی نے اپنی نظم ''بیوہ'' کو خواتین کی سماجی اصلاح کا ذریعہ بنایا ہے، اظہار خیال کیجیے۔
3. اکبرالہ آبادی کی نظم ''برقِ کلیسا'' کے موضوع پر روشنی ڈالیے۔
4. مخدوم کی نظم ''چاندتاروں کا بن'' میں پیش کی گئیں تشبیہات و استعارات کا تجزیہ کیجیے۔
5. جوش کی نظم ''کسان'' میں منظر نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔
6. فیض کی نظم ''ہم جو تاریک راہوں میں مارے گئے'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔
7. اختر الایمان کی نظم ''ایک لڑکا'' میں لڑکا کس کی علامت ہے۔
8. ن۔م۔راشد اپنی نظم ''زنجیر'' میں ایک غلام قوم کو کس طرح بغاوت کے لیے راغب کرتے ہیں۔
9. نظیر اکبرآبادی نے اپنی نظم ''آدمی نامہ'' میں احترام انسانیت کے تصور کو کس طرح پیش کیا ہے۔
10. نظم ''ساقی نامہ'' کے حوالے سے اقبال کے تصور خودی پر گفتگو کیجیے۔

حصہ دوم

11. نظم کی قسموں کو مثالوں سے واضح کیجیے۔
12. اردو میں نظم نگاری کے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالیے۔
13. اقبال کی نظم نگاری کی امتیازی خصوصیات مع مثالوں کے بیان کیجیے۔
14. ترقی پسند تحریک کے تحت کی جانے والی نظم نگاری پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔
15. اقبال کے معاصرین نظم گو شعراء کا تعارف کراتے ہوئے ان کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

☆☆☆